**12.10.2024**

**13.50 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

-------------------------------

**Music**

- ☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے 2 ہزار 236 کروڑ روپے کی لاگت سے سرحدی سڑک تنظیم BRO کے ذریعے تیار کردہ بنیادی ڈھانچے کے 75 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔
- ☆ ریلوے نے چنئی ڈویژن میں Kavarapattai کے مقام پر ہوئے ٹرین حادثے کے سلسلے میں اعلیٰ سطح کی انکوائیری کا حکم دیا ہے۔ گاڑیوں کی آمدو رفت کی بحالی کا کام زورشور سے جاری ہے۔
- ☆ ہریانہ میں نئی سرکار کو 17 اکتوبر کو حلف دلایا جائے گا۔
- ☆ آج ملک بھر میں وجے دشمی اور درگا پوجا کا تہوار منایا جارہا ہے۔
- ☆ امریکہ نے اسرائیل کے خلاف ایران کے میزائل حملے کے بعد اس کے توانائی کے سیکٹر پر پابندیوں کا اعلان کیا ہے۔
- ☆ اور مردوں کے کرکٹ میں، آج حیدرآباد میں تیسرے اور آخری ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## RAJNATH BRO PROJECTS

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے سرحدی بنیادی ڈھانچے کو تقویت دینے کی غرض سے ورچوئل طریقے پر آج بنیادی ڈھانچے کے 75 پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور انہیں ملک کے نام وقف کیا۔ سرحدی سڑک تنظیم BRO نے دو

ہزار 236 کروڑ روپے کی لاگت سے انہیں تعمیر کیا ہے۔ یہ پروجیکٹ 11 سرحدی ریاستوں اور انڈمان ونکوبار جزائر سمیت مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں تعمیر کئے گئے ہیں۔

ورچوئل طریقے پر افتتاحیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر دفاع نے کہا کہ 2014 میں NDA کے اقتدار میں آنے سے پہلے ترقیاتی کام کی رفتار رک گئی تھی اور شمال مشرقی اور سرحدی ریاستیں معمولی ترقی کے مواقع سے بھی محروم ہوگئی تھیں۔

لیکن مرکز میں سرکار میں تبدیلی آنے کے بعد ملک کے شمال مشرقی حصے اور سرحدی ریاستوں کو ترقی کے قومی دھارے میں واپس لایا گیا ہے۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ دفاعی مقصد سے اِن علاقوں کی اہمیت کو ذہن میں رکھتے ہوئے، ضروری ترقیاتی کام میں تیزی لانے کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے۔ وزیر دفاع نے آج 22 سڑکوں ، 51 پلوں اور دو دوسرے پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ x

## RAJNATH SHASTRA PUJA

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج وِجے دشمی کے موقع پر دارجلنگ میں Sukna چھاؤنی میں Shastra پوجا کی۔ انہوں نے فوجی جوانوں کے ساتھ تہوار بھی منایا۔ انہوں نے بھارتی فوج کے 33 ویں کور کے ہیڈکوارٹرس میں روایتی Shastra پوجا میں حصہ لیا۔ وزیر دفاع نے کہا کہ وجے دَشمی کے موقع پر ہتھیاروں کی پوجا کی بہت پرانی روایت ہے۔ x

## DAY TRAIN ACCIDENT

کل رات جنوبی ریلوے کے چنئی ڈویژن میں Gummidipoondi کے نزدیک Kavarapattai کے مقام پر ہوئے ٹرین حادثے کی اعلیٰ سطح کی انکوائیری کا حکم دے دیا گیا ہے۔ Mysore-Darbhanga Bagmati Express ٹرین پونیری سے گزرتے وقت ایک اسٹیشنری مال گاڑی سے پیچھے کی جانب سے ٹکرا گئی۔ اس حادثے میں کسی کی ہلاکت کی خبر نہیں ہے۔ 16 زخمی مسافر مختلف اسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔ جنوبی ریلوے کے جنرل منیجر نے بتایا کہ اس حادثے کی وجوہات کا پتہ اعلیٰ سطحی کمیٹی کی طرف سے داخل کی گئی انکوائیری رپورٹ کے بعد لگایا جا سکے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ریلوے ٹریک پر گاڑیوں کی آمدورفت کی بحالی کا کام زور شور سے جاری ہے، جس میں دس گھنٹے سے زیادہ کا وقت لگ سکتا ہے۔

ریلوے کے سیفٹی کمشنر نے بھی حادثے کے مقام کا دورہ کیا اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ آندھرا پردیش سے گزرنے والی سبھی ریل گاڑیوں کے راستے بدل دیئے گئے ہیں۔x

## PESIDENT VISIT THREE NATIONS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے 9 اکتوبر تک تین ملکوں الجزائر، موریطانیہ اور ملاوی کا دورہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ کا تین افریقی ملکوں کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ یہ تاریخی دورہ G20 کی بھارت کی صدارت کے دوران افریقی یونین کو G20 کا مستقل رکن بنائے جانے کے ایک سال بعد ہو رہا ہے۔ ہفتے بھر کے اپنے دورے کے دوران صدر جمہوریہ دو طرفہ میٹنگوں کے علاوہ بھارتی برادری کے ساتھ بات چیت کریں گی۔

اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے 15 اکتوبر تک الجزائر کا دورہ کریں گی۔ دوسرے مرحلے میں صدر جمہوریہ 16 اکتوبر کو موریطانیہ پہنچیں گی۔ ان کا یہ دورہ ایک ایسے اہم وقت میں ہو رہا ہے جب موریطانیہ افریقی یونین کی صدارت کر رہا ہے۔

اپنے دورے کے آخری مرحلے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 17 سے 19 اکتوبر تک ملاوی کا دورہ کریں گے۔ صدر جمہوریہ کے تین ملکوں الجزائر، موریطانیہ اور ملاوی کے دورے کا مقصد افریقہ کے ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنا اور وسعت دینا ہے۔x

## HARYANA GOVT FORMATION

ہریانہ میں نئی سرکار کو جمعرات کو پنچکولہ میں حلف دلایا جائے گا۔ سابق وزیر اعلیٰ منوہر لال کھٹر نے اِس کی تصدیق کرتے ہوئے نامہ نگاروں کو بتایا کہ انہیں وزیر اعظم کی طرف سے منظوری مل گئی ہے۔ وزیر اعلیٰ اور وزیروں کی کونسل کو اِس مہینے کی 17 تاریخ کو پنچکولہ میں حلف دلایا جائے گا۔ x

## DAY VIJADASHMI RSS

RSS کے سربراہ ڈاکٹر موہن بھاگوت نے خواتین کے خلاف مظالم پر سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کولکاتہ کے آر جی کر میڈیکل کالج اور اسپتال میں افسوسناک اور شرمناک واقعہ جرائم اور سیاست کے درمیان گٹھ جوڑ کا نتیجہ ہے۔ ڈاکٹر بھاگوت آج صبح ناگپور میں راشٹریہ سویم سیوک کے 99ویں واں یوم تاسیس منانے کے لیے وجے دشمی کی اہم تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ آئین کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر بھاگوت نے کہا کہ آئین کی تمہید، رہنما اصول، بنیادی حقوق اور فرائض سے متعلق معلومات عام لوگوں تک پہنچنے چاہئیں اور آئین میں درج مذکورہ چاروں اہم چیزوں کے بارے میں لوگوں کو آگاہی فراہم کرنے کا نظام ہونا چاہیے۔ RSS کے سربراہ نے وجے دشمی کے مبارک موقعے پر سشتر پوجن کا بھی اہتمام کیا۔

اس موقعے پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو کے سربراہ ڈاکٹر کے رادھا

کرشنن موجود تھے۔ ڈاکٹر رادھا کرشنن نے کہا کہ ٹکنالوجی اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں بڑا فرق لائی ہے اور قومی تعلیمی پالیسی 2020 بھارت کو ایک متحرک اور درخشاں نالج اکانومی میں تبدیل کر دے گی۔ اس موقعے پر سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری اور مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ دویندر فڑنویس بھی موجود تھے۔x

## FINANCE COMMISSION GRANTS

مرکز نے موجودہ مالی سال کے دوران آندھرا پردیش اور راجستھان کیلئے پندرہویں مالیاتی کمیشن کے مطابق امداد کی پہلی قسط جاری کی ہے۔ یہ مالی قسط اِن دونوں ریاستوں میں دیہی مقامی اداروں کیلئے جاری کی گئی ہے۔ آندھرا پردیش کیلئے کُل ملاکر 989 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ پنچایتی راج کی وزارت نے بتایا ہے کہ پنچایتیں مقامی ضروریات پورا کرنے کیلئے اِس رقم کا استعمال کرسکیں گی۔ آئین کے گیارہویں شیڈول میں درج 29 مدوں پر یہ رقم خرچ کی جاسکے گی، جن میں زراعت سے لے کر دیہی علاقوں میں مکانات ،تعلیم اور صفائی ستھرائی بھی شامل ہیں۔ x

## DUSSEHRA

آج ملک بھر میں وجے دَشمی یا دسہرے کا تہوار منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار بھگوان رام کی راوَن پر فتح کی یاد میں منایا جاتا ہے، جو برائی پر اچھائی کی کامیابی کی علامت ہے۔ آج ہی نوراتری اور دُرگا پوجا بھی ختم ہورہے ہیں۔

اس موقع پر صدرِ جمہوریہ ، نائب صدرِ جمہوریہ، وزیر اعظم اور دوسرے رہنماؤں نے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے اپنے مبارکباد کے پیغام میں کہا کہ یہ تہوار ناانصافی پر انصاف کی فتح کی علامت ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں اِس امید کا بھی اظہار کیا کہ یہ تہوار ملک کے سبھی عوام کیلئے مسرت ، کامیابی اور خوشحالی لے کر آئے گا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے ملک کے عوام کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ پیغام بدی پر نیکی کی کامیابی کا پیغام دیتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک کے سبھی عوام کو برائیوں کو ختم کردینے کا عہد لینا چاہیئے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے مبارکباد کے پیغام میں کہا کہ ملک کے عوام زندگی کے ہر شعبے میں ماں دُرگا اور بھگوان شری رام کے آشیرواد سے کامیابی حاصل کریں گے۔

جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ، اِس مبارک موقع پر ملک کے سبھی عوام کو گرمجوشی سے مبارکباد دی ہے اور سبھی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وجے دَشمی کا یہ تہوار برائی پر اچھائی کی فتح کی علامت ہے۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے مزید کہا کہ بھگوان رام کے نظریات اور تعلیمات پر عمل کریں اور خود کو معاشرے کی فلاح و بہبود کیلئے وقف کردیں۔ x

## GOVT PILLS

حکومت نے کہا ہے کہ ایمرجنسی مانع حمل ادویات کی فروخت اور تقسیم سے متعلق ضابطوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور یہ دوائیں ڈاکٹروں کی تشخیص کے بغیر بدستور دستیاب رہیں گے۔ x

## AFRICA MONKEY POX

افریقہ میں جاری Monkey Pox بیماری سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 979 ہوگئی ہے۔ 2024 کے اوائل سے یہ بیماری پھیلنا شروع ہوئی تھی اور مجموعی طور پر 38 ہزار 300 معاملات سامنے آئے ہیں، جن میں سے 7 ہزار 339 کی تصدیق ہوچکی ہے۔ بیماریوں کے کنٹرول اور اس کی روک تھام سے متعلق افریقی مرکز کے ڈائریکٹر جنرل Jean Kaseya نے بتایا کہ گذشتہ ہفتے ہی اِس براعظم میں تین ہزار 186 نئے معاملات کا پتہ چلا ہے اور 53 اموات ہوئی ہیں۔ x

## US - IRAN SANCTIONS

امریکہ نے ایران کی توانائی کی تجارت پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اسرائیل پر ایران کے میزائل حملوں کے بعد یہ پابندیاں لگانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے کہا کہ امریکہ توانائی کی تجارت سے حاصل ہونے والی آمدنی کم کرنے کیلئے یہ پابندیاں لگا رہا ہے کیونکہ ایران اِس طرح حاصل ہونے والی رقم کو اپنے ایٹمی پروگرام کیلئے استعمال کرتا ہے۔ x

## MEN'S CRICKET

مردوں کے کرکٹ میں، آج حیدرآباد میں تیسرے اور آخری ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔ تین میچوں کی سیریز میں دو صفر کی سبقت کے ساتھ بھارتی ٹیم اپنے غلبے کو برقرار رکھتے ہوئے بنگلہ دیش کے خلاف تینوں میچ جیتنا چاہے گی۔

بھارتی ٹیم نے دلی میں دوسرے ٹی ٹوئینٹی بین الاقوامی میچ میں بنگلہ دیش کو 86 رن سے ہرایا تھا، جبکہ اُس نے گوالیار میں کھیلے گئے پہلے میچ میں بنگلہ دیش کو سات وکٹ سے ہرایا تھا۔x

## CRICKET WOMEN T20

آج شارجہ میں خواتین کے ٹوئنٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں نیوزی لینڈ ، سری لنکا کا سامنا کرے گا۔ گروپ اے کا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق تیسرے پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔

گروپ بی میں بنگلہ دیش اور جنوبی افریقہ کا میچ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا۔ x

## NATIONAL WEIGHTLIFTING CHAMPIONSHIP

ہماچل پردیش کے Nagrota بھون میں واقع رینبو کھیلو انڈیا رہائشی اکیڈمی میں جاری IWLF قومی ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ میں خواتین کے سینئر زمرے کے 76 کلوگرام مقابلے میں کل HarmanpreetKaur نے ایک نیا قومی ریکارڈ قائم کیا ہے۔

ہرمن پریت نے Clean and jerk مقابلے میں 127 کلو گرام اور کل 223 کلوگرام کا وزن اٹھایا۔ اس دوران جونیئر زمرے کے Clean and Jerk مقابلے میں Heena نے 123 کلوگرام اور کل 211 کلوگرام کا وزن اٹھا کر 76 کلو گرام کے زمرے میں ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔

جی روی شنکر نے بھی 311 کلوگرام کا وزن اٹھا کر ایک نیا قومی ریکارڈ قائم کیا ہے۔ انہوں نے جونیئر زمرے میں رام کرن پرجاپتی کے 304 کلوگرام کے سابقہ ریکارڈ کو توڑ دیا۔x

## ASIAN TABLE TENNIS CHAMPIONSIP

قزاقستان کے شہر آستانہ میں جاری ایشیئن ٹیبل ٹینس چمپئن شپ میں آج Ayhika Mukherjee اور Sutirtha Mukherjee کی جوڑی خواتین کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اس جوڑی نے کوارٹر فائنلز میں جنوبی کوریا کی Kim Nayeong اور Lee Eunhye پر مشتمل جوڑی کو تین-ایک سے شکست دی۔ اب کل سیمی فائنل میں Ayhika Mukherjee اور Sutirtha Mukherjee کا مقابلہ جاپان کی Miwa Harimoto اور Miyuu Khara کی جوڑی سے ہوگا۔

اس دوران مردوں کے سنگلز مقابلے میں Manush Shah اور Manav Thakkar پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆